ہدایہ فقہ حنفی کی مستند اور معروف کتاب ہے جس میں فقہ حنفی کے مسائل کو نقلی اور عقلی دلائل کے ساتھ واضح کیا گیا ہے اور صاحب ہدایہ نے اس میں استدلال و استنباط کا ایسا منفرد اسلوب اختیار کیا ہے جس نے ہدایہ کو دنیائے اسلام میں قانون اسلامی کے ایک اہم ماخذ کی حیثیت دے دی ہے اور نہ صرف علمائے اسلام بلکہ غیر مسلم ماہرین قانون بھی اسلامی قوانین کی تعلیم و تشریح کے لیے ہدایہ سے استفادہ ضروری سمجھتے ہیں مگر ہمارے بعض دوست جن کا ذہن صاحب ھدایہ کے استدلال کی گہرائی اور لطافت تک رسائی حاصل نہیں کر پایا وقتاً فوقتاً ہدایہ کے مختلف مسائل پر اعتراضات اور اس کے معائب و نقائص کی تلاش میں مصروف رہتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حال ہی میں گوجرانوالہ کے ایک دوست نے "ھدایہ عوام کی عدالت میں" کے نام سے ہدایہ پر اپنے اعتراضات کا مجموعہ شائع کیا ہے جس کا جواب مولانا حبیب اللہ ڈیروی نے زیر نظر کتابچہ کی صورت میں دیا ہے اور دلائل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ ہدایہ پر کئے جانے والے اکثر اعتراضات کم فہمی یا عناد پر مبنی ہیں جن کا حقیقت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

کمیونزم کا فتنہ

از مولانا محمد اسحاق صدیقی

ناشر صدیقی ٹرسٹ نسیم پلازا نشتر روڈ کراچی

صفحات ۲۶ قیمت ایک روپیہ

"کمیونزم" ایک جدید سیاسی اور معاشی نظام کا نام ہے جو یورپ کے سرمایہ دارانہ و جاگیردارانہ نظام کے مظالم کے رد عمل کے طور پر ابھرا اور طبقاتی کشمکش کے حوالہ سے کمزور طبقات و اقوام کو لپیٹ میں لیتے ہوئے مختلف ممالک میں انقلاب کا عنوان بن گیا لیکن اس کی بنیاد چونکہ خدا کے انکار اور اجتماعی جبر کے غیر فطری فلسفہ پر تھی اس لیے زیادہ دیر نہیں چل سکا اور اب بتدریج فکری اور سیاسی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہا ہے۔ زیر نظر رسالہ میں مولانا محمد اسحٰق صدیقی نے کمیونزم کے غیر فطری فلسفہ کا پس منظر واضح کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے نقائص کی نشاندہی کی ہے اور اسلام کے ساتھ اس کے فرق و اختلاف کے اظہار کے علاوہ کمیونسٹ تحریک کے مقاصد اور طریق کار پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

اصلی شادی کارڈ

مرتب خواجہ محمد اسلام

ملنے کا پتہ تبلیغی کتب خانہ، اردو بازار لاہور

کتابت و طباعت عمدہ صفحات ۲۴

خواجہ محمد اسلام بھلے بزرگ ہیں جو دینی عنوانات پر اصلاحی و تبلیغی کتب و رسائل کی طباعت و اشاعت کا اہتمام کرتے ہیں اور انہیں مختلف حلقوں تک پہنچانے کے لیے پبلسٹی کے بھرپور ذرائع استعمال میں لاتے ہیں۔ انہوں نے مختلف زبانوں میں "موت کا منظر" شائع کی اور اس کی اس انداز میں تشہیر کی کہ اس کا شمار دنیا کی کثیر الاشاعت کتابوں میں ہوتا ہے بلکہ خود خواجہ صاحب موصوف کے لیے بھی یہ کتاب تعارف کا حوالہ بن گئی ہے۔ زیر نظر رسالہ میں خواجہ صاحب مسلم معاشرہ کی خواتین سے مخاطب ہوئے ہیں اور انتہائی سادہ اور عام فہم زبان میں یہ بات سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ ایک مسلمان عورت کے حقوق (باقی صفحہ پر)